THE EXPRESS TRIBUNE Lahore

TODAY'S PAPER | SEPTEMBER 09, 2026 | EPAPER

## کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور کینٹ

# نوٹس نیلامی ٹھیکہ وصولی پارکنگ فیس

ہر خاص و عام کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور اپنے زیر انتظام درج ذیل پارکنگ اسٹینڈز سے حقوق وصولی پارکنگ فیس کا ٹھیکہ برائے عرصہ تین سال دینے کے لیے کھلی نیلامی منعقد کر رہا ہے، نیلامی مورخہ 24/09/2026 کو دن 11 بجے دفتر کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور میں ہوگی۔ مذکورہ بالا تاریخ کو بولی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ بولی 25/09/2026 کو ہوگی۔ خواہشمند حضرات تاریخ اور وقت مقررہ پر دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

| تفصیل ٹھیکہ | زرضمانت | وصولیاتی شرح | | |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ پارکنگ اسٹینڈ گلزار صادق پارک، ملتان روڈ بہاولپور | مبلغ -/10,00,000 روپے | 1۔ موٹر سائیکل | مبلغ -/20 روپے فی چکر | برائے گلزار صادق |
| | | 2۔ کار، جیپ، رکشہ | مبلغ -/30 روپے فی چکر | |
| 2۔ پارکنگ اسٹینڈ نادرا آفس، عزیز بھٹی روڈ بہاولپور | | 1۔ موٹر سائیکل | مبلغ -/40 روپے فی چکر | برائے نادرا آفس |
| | | 2۔ رکشہ | مبلغ -/60 روپے فی چکر | |
| | | 3۔ کار، جیپ | مبلغ -/70 روپے فی چکر | |
| | | 4۔ کوسٹر، ویگن، بس وغیرہ | مبلغ -/100 روپے فی چکر | |

## شرائط نیلامی درج ذیل ہیں

1۔ بولی دہندگان کو درج بالا زرضمانت بشکل کال ڈیپازٹ/بینک ڈرافٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر بہاولپور مع کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی نیلامی کی تاریخ سے ایک دن قبل دن 2 بجے تک دفتر ہذا میں جمع کرانا لازمی ہوگی جو اول اور دوم آنے والے بولی دہندگان کے علاوہ باقی تمام حضرات کو نیلامی کے اگلے روز واپس کر دی جائیں گی۔

2۔ ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور کے واجبات ہوں، دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو اختتام بولی پر کل بولی کا 1/4 حصہ بطور قابل واپسی سیکیورٹی جمع کرانا لازمی ہوگا۔ سیکیورٹی کی رقم جمع نہ کرانے کی صورت میں بولی دہندہ کا زرضمانت بحق کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور ضبط کر لیا جائے گا اور دوسرے نمبر پر آنے والے کامیاب بولی دہندہ کو شرائط کی تکمیل کے لیے کہا جائے گا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کینٹونمنٹ بورڈ کو سال کے 12 ایڈوانس چیک جمع کروائے گا۔ کینٹونمنٹ بورڈ ہر ماہ کی 5 تاریخ تک چیک اپنے اکاؤنٹ میں جمع کروا سکے گا۔

5۔ کوئی بھی چیک باؤنس ہونے کی صورت میں کینٹونمنٹ بورڈ ٹھیکہ کینسل کرنے کا مجاز ہوگا۔

6۔ ٹھیکہ کی مدت تین سال ہوگی جس میں ہر سال 10 فیصد کمپاؤنڈ اضافہ کیا جائے گا۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کا قبضہ بعد از حتمی منظوری مجاز اتھارٹی حوالے کیا جائے گا۔

8۔ ٹھیکیدار پارکنگ فیس کی وصولی دفتر کے منظور شدہ درج بالا شیڈول کے مطابق چارج کرنے کا پابند ہوگا۔ اوور چارجنگ کی صورت میں ہر بار مبلغ -/10000 روپے جرمانہ ہوگا۔ بار بار شکایت موصول ہونے اور اوور چارجنگ سے باز نہ آنے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا اور سیکیورٹی کی رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 15 یوم کے اندر اپنے اخراجات پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

10۔ تمام ٹیکسز کا اطلاق حکومت کے مجوزہ قوانین کے مطابق ہوگا جو ٹھیکیدار کو ادا کرنا ہوگا۔

11۔ زیر دستخطی کسی بھی بولی کو تکنیکی/انتظامی بنیاد پر مسترد یا منظور کرنے کا مجاز ہوگا تاہم فائنل منظوری بورڈ/مجاز اتھارٹی دے گی۔

12۔ مزید کسی بھی معلومات کے لیے کسی بھی روز دفتری اوقات کار میں کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور کی ٹیکس برانچ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

13۔ کینٹونمنٹ بورڈ اور ٹھیکیدار کے مابین کسی بھی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کینٹونمنٹس ملتان ثالث تصور ہوگا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہوں گے۔ ٹھیکیدار اس فیصلے کو کسی دوسری عدالت میں چیلنج نہ کرنے کا پابند ہوگا۔

**المشتہر: کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر**

کنٹونمنٹ بورڈ بہاولپور